# دعائے حزب البحر اور اس کی فضیلت

**مجیب:** ابو شاھد مولانا محمد ماجد علی مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3708

**تاریخ اجراء:** 08 شوال المکرم 1446 ھ / 07 اپریل 2025ء

## دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

دعائے حزب البحر کیا ہے؟ اس کی فضیلت کیا ہے؟ اسے کرنے کے لیے اجازت کی ضرورت ہے یا نہیں؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

دعائے حزب البحر امام ابو الحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کو سفر حج کرتے ہوئے بحری جہاز میں دربار رسالت سے عطا کی گئی تھی، اور ہر جائز مقصد کے لیے اس کو پڑھا جا سکتا ہے، بزرگان دین کا معمول رہا ہے کہ وہ اس کا ورد کیا کرتے ہیں۔ نیز اس کے پڑھنے کے لیے اجازت لینا شرعاً ضروری نہیں ہے، البتہ! کسی صاحبِ اجازت شیخ سے اس کی اجازت حاصل کر کے ان کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق پڑھیں تو زیادہ بہتر رہے گا کہ اس سے اس کی تاثیر مزید بڑھ جاتی ہے۔

نزهۃ النظر فی شرح حزب النصر میں ہے "حضرت شاذلی قدس سرہ کی الہامی دعائیں چند یہ ہیں: (1) دعائے حزب البحر (2) دعائے حزب النصر (3) دعائے حزب البر۔۔۔ ان میں سب سے زیادہ مشہور، مؤثر مقبول دعا، دعائے حزب البحر ہے جو اپنے فوائد و اثرات کے سبب سے طریقت کے مشائخ کے اوراد میں داخل ہے، یہ دعا حضرت شیخ کو سفر حج کرتے ہوئے بحری جہاز میں حضور سید دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے تلقین فرمائی تھی۔ (نزھۃ النظر فی شرح حزب النصر، صفحہ 15، بزم فیضان اویسیہ)

فتاوی رضویہ میں ہے: "مکتوبات مرزا صاحب جانجاناں میں ہے (جنہیں شاہ ولی اللہ صاحب اپنے مکتوبات میں نفس ذکیہ قیم طریقہ احمدیہ داعی سنت نبویہ لکھتے ہیں): دعائے حزب البحر وظیفہ صبح وشام وختم حضرات خواجگان قدس اللہ اسرارہم ہر روز بجہت حل مشکلات باید خواند (دعائے حزب البحر صبح وشام کا وظیفہ اور حضرات خواجگان قدس اللہ اسرارہم کا ختم شریف مشکلات کے حل کے لیے ہر روز پڑھنا چاہیے۔ (فتاوی رضویہ، جلد 30، صفحہ 366، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

مفسر شہیر، حکیم الامت، مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ارشاد فرماتے ہیں: ”حضراتِ صوفیاء دلائل الخیرات شریف وغیرہ وظیفے مریدوں کو سکھاتے ہیں، پھر ان سے سنتے ہیں، پھر ان کی اجازت دیتے ہیں جس سے ان کی تاثیر بہت زیادہ ہو جاتی ہے۔“ (مرآۃ المناجیح، جلد 3، صفحہ 261، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

وَ اللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net